13/05/2026
07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبرنامہ لےکر میں سید تجمل اندرابی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سماج کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے کا دُہرایا عزم//منشیات مخالف کارروائیونمیں 68لاکھ روپے مالیت کی سرکاری زمین منشیات فروشوں سے بازیاب۔

*........ ایل جی نے ترہگام کپواڑہ میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کیا قوم کے نام وقف// کہا سرحدی دیہات کی مجموعی ترقی انتظامیہ کی اولین ترجیح۔

*........ جمونکشمیر میں خواتین کو با اختیاربنانے کا سفر جاری // وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے دیہی ترقی محکمے اور JKRLM کے اقدامات کی ، کی تعریف۔

اور

*........ خوراک کے وزیر ستیش شرما نے عید الاضحی اور محرم الحرام کے سلسلے میں غذائی اجناس اور لازمی خدمات کی دستیابی کا لیا جائزہ ۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے 32دنوں میں سول اور پولیس انتظامیہ نے پورے ڈرگ سمگلنگ کے نظام کو ختم کرنے کیلئے لازمی اقدامات کئے اور منشیات کے خلاف تحریک اب ایک انقلابی صورت اختیار کر رہی ہے ۔

کپواڑہ سے ہمارے نمائندے رفیق احمد نے خبر دی ہے کہ کپواڑہ میں آج منشیات مخالف پد یاترا کو جھنڈی دکھا کرروانہ کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ منشیات کے خلاف جنگ طویل ہے ۔ انہوننے کہاکہ دہائیوں تک جموں کشمیر نے منشیات اور دہشت پسندی کو الگ الگ خطرات کی نظر سے دیکھا ، لیکن دو مسائل ہونے کے باجود یہ ایک ہی سکے کے دو رُخ ہیں۔

انہوننے کہا کہ ڈرگ سمگلروں کے خلاف اگر چہ سخت کارروائی کرنے کی ضرورت ہے تاہم اس بدعت میں پھنسے لوگوں کے ساتھ ہمدردی کا رویہ اختیار کرنے کی ضرورت ہے ۔

...........LG.......

اس موقعے پر لیفٹنٹ گورنر نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت محکمہ جنگلات کے کپواڑہ فارسٹ لیگ اور یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کی والی بال چمپئن شپ کی ٹرافیز کی بھی نقاب کشائی کی ۔

نشہ

منشیات کے خلاف لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG------

نوجوانوں کو اس بری عادت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے بار ے میںآکاشوانی سرینگر کے سابق پروگرام ایگزیکٹو بشیر احمد بڑ ھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--- Bashir Ahmad---

کشمیر پولیس

پولیس نے آری پورہ ترکہ وانگام شوپیان میں محمد یوسف شیخ نامی منشیات فروش کو کچھ نشیلی اشیاءسمیت گرفتا رکیا ہے۔

اننت ناگ میں پولیس نے عاشق احمد بٹ نامی منشیات فروش کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کرکے اُسے گرفتار کیا ہے ۔

پولیس نے اونتی پورہ کے کئی تعلیمی اداروں میں منشیات مخالف بیداری پرگراموں کا انعقاد کیا۔

ادھر کولگام پولیس نے ونہ پورہ میں محمد رمضان شیخ نامی بدنام زمانہ ڈرگ سمگلر سے 18لاکھ روپے مالیت کی سرکاری اراضی بازیاب کی ہے۔پلوامہ میں پولیس نے منشیات مخالف بیداری پروگراموں کا انعقاد کرنے کے ساتھ ساتھ نشیلی اشیاءکی غیر قانونی کاشت کو بھی تباہ کر دیاپولیس نے وتہ ناڑ کوکرناگ میں محکمے مال کے اشتراک سے50لاکھ روپے مالیت والی 12کنال سرکاری اراضی کو منشیات فروشوں کے قبضے سے بازیاب کیا۔

جموں پولیس

پولیس نے ڈوڈہ ضلع کے کئی مقامات پر بھنگ کی خود رو فصل کو تباہ کیا ۔ڈوڈہ پولیس نے ضلع میں کئی ادویات کی دکانوں کا معائینہ کیا۔

کولگام

منی سیکریٹریٹ کولگام میں آج نشہ مکت جمونکشمیر ابھیان کے تحت ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔ضلع کے ترقیاتی کمشنر شہزاد عالم نے طلباءپر زور دیا کہ وہ منشیات سے دور رہیں۔

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی شالیمار میں آج نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ایک بیداری ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقعے پریونیورسٹی کے وائس چانسلر نگہت امان نے SSP پروفیسر نذیر احمد گنائی مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے جبکہ تقریب میں مہمان ذی وقار کی حیثیت سے شرکت کی ۔

اس موقعے پرڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر رئیحانہ حبیب کنٹھ کے علاوہ کئی دیگر افسران بھی موجود تھے ۔ مقررین نے اس موقعے پر طلباءپر زور دیا کہ وہ سماج کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں ۔

وحید پرہ

کے سینئر لیڈراور ایم ایل اے پلوامہ وحید الرحمان پرہ نے جموں کشمیر میں منشیات کے PDP کاروبار اور اس کے استعمال کے تعلق سے اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا ہے ۔ آکاشوانی نیوز کو دستیاب کرائے گئے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر سماجی انصاف کی مرکزی وزارت کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں تقریباً ساڑھے پانچ لاکھ افراد Opioid کا استعمال کرتے ہیں جبکہ ایک لاکھ 70 ہزار افراد نشیلی ادویات اور تقریباً ڈیڑھ لاکھ افراد چرس کے استعمال کی عادت میں مبتلا ہےں ۔ وحید الرحمان پرہ نے کہا ہے کہ اس لت میں مبتلا افراد کو کاروائی کا نشانہ بنانا مسلے کا حل نہیں ہے ۔بلکہ ڈرگ سمگلروں اور اس کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف کارروائی ضروری ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ مطلوبہ نتائج حاصل کرنے کے لئے علامات کے بجائے اس سنگین مسئلے کے اصل جڑ کو ختم کرنا ہو گا ۔

سنہا

پدیاترا مینشرکت کے بعد لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے کپواڑہ میں وائبرنٹ ولیج ترہگام کا دورہ کرکے وہاں متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور کئی ایک کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے لوگوں کے ترقیاتی مسائل اور ضروریات کا بھی جائزہ لیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی سرکار سرحدی علاقوں کی تیز تر ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوننے کہا کہ ہر ایک گاؤں کو بہتر سڑک رابطے، جدید اسکول اور نوجوانوں کیلئے مساوی مواقعے فراہم کرنے کی طرف خصوصی توجہ دی جا رہی ہے ۔........LG........

اس موقعے پر ترہگام کے اسمبلی ممبر میر سیف اللہ ،جل شکتی محکمے کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شالین کابرا، بجلی محکمے کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری اشونی کمار ، PWDکے ایڈیشنل چیف سیکریٹری انیل کمار سنگھ، IGPکشمیر وی کے برد ی اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

ایل جی کانوائے

ایندھن کو بچانے کی وزیر اعظم نریندر مودی کی اپیل کے تناظر میں لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہانے اپنی کانوائے کو نصف کرنے کا فیصلہ لیا ہے۔

خواتین

دیہی ترقی محکمہ اور جے اینڈ کے رورل لائیو لی ہُڈ س مشن جموں کشمیر میں خواتین کے معیار حیات میں بہتری لانے اور ان کیلئے روزگار کے مواقعے پیدا کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کر رہے ہیں۔ ان محکموں نے یو ٹی کی 8لاکھ 10ہزار خواتین کو متحرک کرکے 96ہزار سے زائد سیلف ہیلپ گروپ قائم کرکے انہیں 3ہزار106کروڑ روپے کے بینک قرضے فراہم کئے ۔

اطلاعات کے مطابق لکھپتی دیدی پہل کے تحت سالانہ ایک لاکھ روپے کی آمدن حاصل کرنے والی خواتین کی تعداد2لاکھ30ہزار سے تجاوز کر گئی ہے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس اہم پیشرفت کیلئے ان دونوں محکموں کو مبارکباد دی ہے ۔مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے بھی خواتین کو با اختیار بنانے اور ان کی شمولیاتی ترقی کو یقینی بنانے کیلئے جموں کشمیر حکومت کی کاوشوں کی سراہنا کی ہے ۔

ستیش شرما

خوراک اور امورصارفین کے وزیر ستیش شرما نے آج سرینگرمیں ایک میٹنگ کے دوران آنے والی عید الاضحی اور محرم الحرام کے سلسلے میں جمونکشمیر میں غذائی اجناس اور لازمی خدمات کی دستیابی کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر جانکاری دی گئی کہ جموں کشمیر کے تمام علاقونمیں غذائی اجناس ، LPGاور پیٹرولیم اشیاءکا وافر سٹاف موجود ہے ۔انہوننے ہدایات دیں کہ ایام متبرکہ کے دوران لوگوں کووافر مقدار میں غذائی اجناس دستیاب رکھی جانی چاہئے ۔ بعدمیں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا۔

...........Satish...............

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے گلمرگ کنوینشن سینٹر کا دورہ کرکے وہاں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر وزیر موصوف نے کہاکہ گلمرگ ملک کا ایک اہم سیاحتی مقام ہے اور اسے جمونکشمیر کے سیاحتی منظر نامے میں کلیدی اہمیت حاصل ہے ۔

انہوننے وہاں سہولیات کو مزید دوام بخشنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ زیادہ سے زیادہ سیاحوں کواس جانب راغب کیا جا سکے ۔ اس موقعے پر علاقے کے ممبران اسمبلی بھی موجود تھے۔

جاوید وفد

دریں اثنا وزیر موصوف سے آج سرینگر مینکئی عوامی وفود اور افراد ملاقی ہوئے اور انہوننے وزیر موصوف کو اپنے اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ وزیر نے ان کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ اجاگر کئے گئے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا ۔

درخشاں

جمونکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج سرینگر میں Futuristic Energy for Consumers سے متعلق ایک تکنیکی سمینار میں مہمان خصوصی کی حثیت سے شرکت کی ۔اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ توانائی کی ضروریات کو پور سوریہ گھر یوجنا فائدہ PM اکرنے کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی کی طر ف سے شروع کی گئی بخش ثابت ہو رہی ہے ۔ انہوں نے کہاکہ اس اسکیم کے بارے میں وسیع پیمانے پر بیداری پیدا کرنے کی ضرورت ہے ۔

یشا مدگل

کواپریٹیو محکمے کی کمشنر سیکریٹری یشا مدگل نے آج جمونمیں ایک میٹنگ کے دوران کواپریٹیو محکمے کیلئے مالی سال 2026-27کے بجٹ منصوبوں کا جائزہ لیا۔انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے پروجیکٹوںکی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

-----Gong-----

سرینگرDC

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے آج سرینگر میں بڈ شاہ پُل اور نوجہاں پُل جسے عرف عا م میں سیمنٹ برج کہا جاتا ہے کا دورہ کرکے وہاں ان پلوں کی فینسنگ کے امکانات کا جائزہ لیا تاکہ عوامی سلامتی کو یقینی بنایاجا سکے ۔اس موقعے پر انہیں بتایا گیا کہ پلوں کی فینسنگ سے متعلق تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ تیار کئے گئے ہیں۔ بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس پل کے ساتھ ساتھ قمر واری میں حال ہی میں مکمل کئے گئے پل کی فینسنگ کا کام عنقریب ہی شروع کیا جائے گا۔

...........Labroo...........

فروٹ گرورس

دی کشمیر ویلی فروٹ گرورس کم ڈیلرس یونین نے ایک پریس بیان میں کہا ہے کہ وادی کے مختلف علاقوں میں حالیہ بارشوں ، ژالہ باری اور تیز ہواؤں سے

میوہ

---

صنعت کو کافی نقصان پہنچا ہے ۔ ۓ

ا س تناظر میں یونین نے لیفٹنٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ سے اپیل کی ہے کہ جموں کشمیر ہارٹیکلچر سیکٹر کیلئے کراپ انشورنس اسکیم شروع کی جانی چاہئے ۔

یونین کے چیر مین بشیر احمد بشیر نے اس ضمن میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
...........Bashir ...........

کابینہ
وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں آج مرکزی کابینہ کی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مختلف سیکٹروں کے کئی اہم پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی۔
ایک اہم فیصلے کے طور مرکزی کابینہ نے سال2026-27 کیلئے 14خریف فصلوں کی کم سے کم امدادی نرخوں میں اضافے کومنظوری دی ہے۔
اطلاعات اور نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کابینہ میٹنگ کے بعد نئی دلی مینمیڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ قیمتوں میں اضافے کا مقصد کسانوں کو اُن کی فصلوں کی بہتر قیمتوں کی حصولیابی کو یقینی بنانا ہے ۔

شاہین
جنتا دل یونائیٹڈ کے صدر جی ایم شاہین نے شمالی کشمیر مینحال ہی میں ہوئی ژالہ باری اور تیز بارشوں سے میوہ

---

ٔ باغات اور فصلونکو ہوئے نقصان پر تشویش کا اظہار کیاہے۔
انہوں نے مرکزی وزیر زراعت شیو راج سنگھ چوہان سے اپیل کی کہ وہ متاثرہ کسانوں کے حق میں ایک امدادی پیکیج کا اعلان کریں۔

مہاجن
مہیلا مورچہ کی صدر ایڈوکیٹ نہامہاجن کی صدارت مینایک میٹنگ منعقد ہوئی BJP جموں میں آج ۔اس موقعے پر مورچے کی خواتین ارکان نے ایک صحت طرز زندگی اختیار کرنے ،ایندھن بچانے کا عہد لیا۔انہوننے کہاکہ وزیر اعظم نریندر مودی ملک کو خود انحصار اور مضبوط بنانے کی ضمن میں بے مثال کام انجاے دے رہے ہیں۔

ٹھاکر
امتحان کو رد کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس NEET لیڈر الطاف ٹھاکر نےBJPسینئر فیصلے سے یہ بات واضع ہو جاتی ہے کہ حکومت شفافیت کو بر قرار رکھتے ہوئے طلباءکے مفادات کی کس قدر پاسداری کرتی ہے ۔

حج اطلاع
UPSC نے Residential Coaching Institute جموں کشمیر حج کمیٹی کے زیر اہتمام حج ہاوس امتحانات کی خاطر تیاری کرنے والے خواہشمند امیدواروں کی کوچنگ کے لئے JKPSC اور درخواستیں طلب کی ہیں ۔
درخواستیں آف لائن موڑ کے ذریعے آج یعنی 13 مئی سے 22 مئی تک جمع کرائی جا سکتی ہے ۔ داخلہ امتحان 25 مئی کو ہو گا اور داخلے کا عمل 8 جون تک مکمل کیا جا ئے گا ۔
یہ بات قابل ذکر ہے کہ مذکورہ انسٹیچوٹ میں کوچنگ کے لئے 50 نشستیں دستیاب ہیں ۔

نتائج

نے بارویں جماعت کے امتحانات کے نتائج کا آج اعلان CBSEسینٹرل بورڈ آف سکینڈری ایجوکیشن کیا ۔
تفصیلات کے مطابق اس سال اس امتحان میں17لاکھ68ہزار طلباءشامل ہوئے ، جن میں سے 15لاکھ 7ہزار طلباءکامیاب قرار دیئے گئے اور یوں کامیاب امید واروں کی شرح85اعشاریہ2صفر فیصد رہی ۔

BOSE
جموں و کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن نے جموں کشمیر اور لداخ کے لیے دسویں اور بارہویں امتحانات کے امتحانی فارم جمع کرانے کی تاریخ Bi Annual 2026 جماعت کے سالانہ پرائیویٹ میں توسیع کا اعلان کیا ہے۔
نوٹیفکیشن کے مطابق دسویں اور بارہویں کے امتحانی فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 20مئی مقرر کی گئی ہے، جبکہ لیٹ فیس کے ساتھ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 26 مئی رکھی گئی ہے۔

اکیڈمی
جمونکشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز اور کشمیر ویلی تھیٹر کے اشتراک سے آج عبدالاحد آزاد میموریل ڈگری کالج بمنہ میں شیخ محمد حنیف کا تحریر کردہ تھیٹر ڈرامہ پیش کیا گیا۔Conflict

تامل ناڈو
تامل ناڈو میں وزیر اعلیٰ جوزف وجے کی قیادت والی نئی حکومت نے آج ریاستی اسمبلی میں144اراکین اسمبلی کی اکثریت ثابت کر دی ہے اور اعتماد کا ووٹ جیت لیا ہے ۔
کو آج N.Rangasamy Swamy کانگریس کے بانی NR ادھر آزمودہ کار سیاسی رہنما اور آل انڈیا پانچویں معیاد کیلئے پڈویچری کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف دلایا گیا ہے جو ایک ریکارڈ ہے ۔

اضافہ
مرکزی سرکار نے سونے اور دیگر قیمتی دھاتوں کی در آمدی ڈیوٹی میں اضافہ کیا ہے ۔ مالیات کی مرکزی وزارت کے ایک بیان کے مطابق سونے اور چاندی کی در آمد ڈیوٹی میں 5فیصد اضافہ کیا گیا ہے ۔ نئی شرحیں آج سے ہی لاگو ہو گئی ہیں۔

پرواز
ہوائی جہازوں کے ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے چلتے ائر انڈیا نے کئی بین الاقوامی روٹوں پر اپنی پروازوں کو عارضی طو رپر منسوخ کرنے کا فیصلہ کیاہے ۔

اننت ناگ
محکمے نے اننت ناگ ضلع میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے کی پاداش MVD میں20ڈرائیونگ لائنس رد کر دیئے ۔ محکمے نے خلاف ورزی کرنے والوں سے 70ہزار روپے کا جرمانہ بھی وصول کیا۔
موسم
محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کاامکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23 اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 30منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر25منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی یہ خبر نامہ ختم ہوا ۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔

............................................